© rasailojaraid.com



## تصریحات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

# ہم سلام کہتے ہیں :

○ ان شہداء کو جو عظمتِ اسلام کی خاطر خون میں نہا گئے !

○ ان مجروحین کو جو اپنے لہو کی سرخی سے تاریخِ اسلام کا ایک نیا باب لکھ رہے ہیں !

○ ان قائدین کو جو حق و باطل کی رزم گاہ میں مصروفِ پیکار رہیں !

○ ان مجاہدین کو جن کے نزدیک اللہ کے دین کی خاطر بیڑیاں زیور سے کہیں زیادہ پسندیدہ ہیں !

○ ان اسلامیانِ پاکستان کو جو یہ زیور پہننے کیلئے تیار بیٹھے ہیں !

○ ان علماء کو جو "العلماء ورثۃ الانبیاء" کا صحیح مصداق ہیں !

○ ان بہنوں اور ماؤں کو جو اس راہ میں اپنے بھائیوں اور بیٹوں سے پیچھے نہیں رہیں !

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ع بڑھتا ہے یاں ذوقِ گناہ ہر سزا کے بعد !

پرچہ مکمل ہو چکا تھا اور مدیر "ترجمان" علامہ احسان الٰہی ظہیر اداریہ لکھنے والے تھے کہ انہیں مسلم مسجد (انارکلی) سے اٹھا کر دیگر علماء کے ساتھ گرفتار کر لیا گیا۔ تادمِ تحریر ان کی رہائی عمل میں نہیں آسکی۔

© rasailojaraid.com